2023 کنزمپشن (استعمال) واؤچر اسکیم دوسری قسط

معلومات کے نوٹ

2023 کے کنزمپشن واؤچر اسکیم کی دوسری قسط ("اسکیم") کے تحت، مقامی استعمال کو تحریک دینے کے مقصد سے ہر ایک اہل شخص کو الیکٹرانک کنزمپشن واؤچر تقسیم کیے جائیں گے، تاکہ معاشی بحالی میں آنے والی تیزی کو برقرار رکھا جاسکے اور الیکٹرانک ادائیگی کے وسیع تر استعمال کو فروغ دیا جاسکے۔

اہلیت کا معیار

اندراج شدہ فرد کو درج ذیل معیارات کی تکمیل کرنی چاہیئے[نوٹ 1] ۔

(A) 29 مئی 2023 ("اہلیت کی تاریخ") سے قبل 18 سال یا اس سے زیادہ عمر ہو؛ اور

(B) اہلیت کی تاریخ پر،

(i) ہانگ کانگ کا ایسا مستقل رہائشی ہو جس کے پاس ہانگ کانگ کا درست مستقل شناختی کارڈ ("HKPIC") موجود ہو [نوٹ 2] یا رجسٹریشن آف پرسنز ریگولیشنز، کیپ A177 کے تحت کمشنر آف رجسٹریشن کی جانب سے جاری کردہ استثنیٰ کا درست سرٹیفکیٹ ("EC") موجود ہو[نوٹ 3]؛ یا

(ii) ہانگ کانگ کا ایسا رہائشی ہو جس کے پاس ہانگ کانگ کا درست شناختی کارڈ ("HKIC") [نوٹ 4] یا EC[نوٹ5] ہو جو رجسٹریشن آف پرسنز ریگولیشنز، کیپ۔ A177 کے تحت کمشنر آف رجسٹریشن کی جانب سے جاری کیا گیا ہو، جو ہانگ کانگ اور مکاؤ جانے کے اجازت نامے پر ہانگ کانگ آیا/آئی ہو (جسے عام طور پر "یک طرفہ پرمٹ" کہا جاتا ہے) یا، جس کے پاس مذکور بالا (B)(i) کے زیرکفالت منحصر کے بطور ہانگ کانگ میں رہنے کی قابل قبول اجازت ہو[نوٹ 6]؛ یا

(iii) نوٹ 7 سے مشروط، رجسٹریشن آف پرسنز ریگولیشنز، کیپ A177 کے تحت کمشنر آف رجسٹریشن کی جانب سے جاری کردہ ہانگ کانگ کی رہائش کا قابل قبول HKIC[نوٹ 4] یا EC[نوٹ5] ہو، جس کے پاس ہانگ کانگ میں بدستور رہنے کی قابل قبول اجازت موجود ہو [نوٹ 6] اور درج بالا (B)(ii) میں مذکور افراد کی اقسام سے متعلقہ نہ ہو؛ اور

(C) نہ تو ہانگ کانگ سے مستقل طور پر روانگی اختیار کی ہو اور نہ ہی ایسا کرنے کا ارادہ رکھتا/ رکھتی ہو [نوٹ 8]۔

[نوٹ 1: ہانگ کانگ کے خصوصی انتظامی حلقہ کی حکومت ("حکومت") مخصوص معیار (جیسے کہ معیار (A) سے (C)) اور انفرادی اندراج شدہ افراد سے متعلق کسی بھی دوسرے عوامل کو مدنظر رکھتے ہوئے انفرادی اندراج شدہ افراد کی قابلیت کا فیصلہ کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے، جسے حکومت 2023 کے کنزمپشن واؤچر اسکیم ("اسکیم") کے مقصد کے لیے متعلقہ خیال کرتی ہے (جس میں شامل ہے لیکن یہ عوامی فنڈز کے مناسب استعمال کو یقینی بنانے، اسکیم کے غلط استعمال کو روکنے اور کسی بھی ایسی ادائیگی کو روکنے تک ہی محدود نہیں ہے جو کسی بھی قابل اطلاق قانونی دفعات یا تقاضوں کے برعکس ہو)۔]

[نوٹ 2: اندراج شدہ فرد کو HKPIC پر دستاویزی ثبوت کے سلسلے میں معیار (B)(i) کی تکمیل کرنے والا بھی خیال کیا جاتا ہے اگر اس کے پاس وصول کرنے کی درست میعاد کے ساتھ HKPIC درخواست کا اعتراف نامہ موجود ہے (جیسے کہ ROP140/ROP140A)۔]

[نوٹ 3: اسکیم کے مقصد کے لیے، درست HKIC یا EC بردار اندراج شدہ فرد کو معیار (B)(i) کی تکمیل کرنے والا بھی خیال کیا جاتا ہے اگر:-

(i) وہ اہلیت کی تاریخ پر یا اس سے پہلے ہانگ کانگ کی مستقل رہائشی حیثیت حاصل کرنے کا/کی اہل ہے؛ اور

(ii) اس نے مستقل شناختی کارڈ ("VEPIC") کی اہلیت کی تصدیق کے لیے امیگریشن ڈیپارٹمنٹ کو اہلیت کی تاریخ پر یا اس سے پہلے ایک درخواست جمع کرائی ہے اور VEPIC کی درخواست بعد میں 31 اگست 2023 کو یا اس سے پہلے منظور کی گئی ہو۔]

[نوٹ 4: اندراج شدہ فرد کو HKIC پر دستاویزی ثبوت کے سلسلے میں معیار (B)(ii) یا (B)(iii) کی تکمیل کرنے والا بھی خیال کیا جاتا ہے، اگر اس کے پاس وصولی کی درست میعاد کے ساتھ HKIC درخواست کا اعتراف نامہ موجود ہو (جیسے کہ ROP140/ROP140A)۔

ہانگ کانگ کے رہائشی جن کے پاس اہلیت کی تاریخ تک HKIC یا ROP140/ROP140A نہیں ہے لیکن وہ اہلیت کی تاریخ پر یا اس سے پہلے ہانگ کانگ آ چکے ہیں اور 30 مئی اور 27 جون 2023 کے درمیان HKIC (یا ROP140/ROP140A) حاصل کر چکے ہیں، انہیں HKIC پر دستاویزی شہادت کے سلسلے میں معیار (B)(ii) یا B(iii) کی تکمیل کرنے والا/والی خیال کیا جاتا ہے۔

اسکیم کے مقصد کے لیے، HKIC سے مراد ایک شناختی کارڈ ہے جس کے اوپر "ہانگ کانگ آئیڈینٹیٹی کارڈ" لکھا ہوتا ہے۔]

[نوٹ 5: ہانگ کانگ کے رہائشی جو اہلیت کی تاریخ پر یا اس سے پہلے ہانگ کانگ آئے ہیں اور 30 مئی اور 27 جون 2023 کے درمیان EC حاصل کیا ہے، انہیں EC پر دستاویزی شہادت کے سلسلے میں معیار (B)(ii) یا B(iii) کو پورا کرنے والا/ والی خیال کیا جاتا ہے۔]

[نوٹ 6: اسکیم کے مقصد کے لیے، "ہانگ کانگ میں رہنے کی قابل قبول اجازت" کا مطلب سوائے زائرین کے بطور ہانگ کانگ میں رہنے کی اجازت کے، امیگریشن۔ آرڈیننس، کیپ 115 کے تحت ہانگ کانگ میں رہنے کی اجازت ہے۔]

[نوٹ 7: ہانگ کانگ کے رہائشی ہونے کے طور پر، کیپ A177 (جہاں بھی قابل اطلاق ہو) کے تحت کمشنر آف رجسٹریشن کی طرف سے جاری کردہ درست HKIC یا EC رکھنے والے درج ذیل افراد، جن کے پاس ہانگ کانگ میں رہنے کی قابل قبول اجازت موجود ہے، اس اسکیم کے لیے نا اہل ہیں۔

- کوئی بھی شخص جو حکومت کی مزدور درآمد کرنے کی اسکیم کے تحت ہانگ کانگ کے باہر سے معاہدہ شدہ کارکن کے طور پر کام کر رہا ہو؛ یا
- کوئی بھی شخص جو ہانگ کانگ کے باہر سے گھریلو ملازم کے طور پر کام کرتا ہو؛ یا
- کوئی بھی شخص جو قونصلر ریلیشن آرڈیننس، کیپ 557 کے تحت قونصلر پوسٹ کا رکن ہے یا
- کوئی بھی شخص جو ہانگ کانگ گیریژن کا رکن ہے؛ یا
- کوئی بھی شخص جو ایک تجویز کردہ سینٹرل پیپلز گورنمنٹ کے سفری دستاویز کا حامل ہے۔]

[نوٹ 8: اسکیم کے مقصد کے لیے، اس بات کا تعین کرنے میں کہ آیا کوئی فرد ہانگ کانگ سے مستقل طور پر چلا گیا ہے یا اس کا ایسا ارادہ ہے تو، حکومت درج ذیل عوامل کو مدنظر رکھے گی، لیکن یہ انہیں تک محدود نہیں ہیں -

(a) آیا وہ شخص اہلیت کی تاریخ سے ٹھیک پہلے 36 ماہ تک ہانگ کانگ سے مسلسل طور پر غیر حاضر رہا ہے اور اگر ایسا ہے تو، آیا مذکورہ مدت کے دوران:

(i) اسے پوٹیبل کمپریہنسیو سوشل سیکیورٹی اسسٹنس اسکیم کے تحت تعاون، Guangdong اسکیم کے تحت الاؤنس، یا Fujian اسکیم کے تحت الاؤنس حاصل ہوا تھا؛

(ii) اس نے متعلقہ اتھارٹی کی جانب سے تسلیم شدہ ہانگ کانگ سے باہر کسی اسکول/ یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی تھی؛

(iii) اس نے وزارت محنت کے زیر نظم ورکنگ ہالیڈے اسکیم میں حصہ لیا تھا؛

(iv) اسے طبی وجوہات کے سبب ہانگ کانگ کے باہر اسپتال میں داخل کیا گیا تھا؛
(v) اس نے ہانگ کانگ سے باہر حکومت کے لیے یا ہانگ کانگ میں موجود کسی کمپنی/ تنظیم کے لیے عارضی بنیاد پر فرائض انجام دیا تھا*؛ یا اس طرح کے فرائض انجام دینے والے خاندان کے کسی قریبی رکن کے ساتھ تھا/تھی؛ اور/ یا
(vi) اس کے پاس اسکیم کے مقصد کے لیے حکومت کی طرف سے طے کردہ دیگر غیر معمولی وجہ (وجوہات) تھی؛ اور

اسکیم کے مقصد کے لیے، اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ شخص ہانگ کانگ میں موجود کسی کمپنی یا تنظیم میں ملازم ہے اور اسے عارضی طور پر ہانگ کانگ سے باہر کام کرنے کے لیے تعینات کیا گیا ہے اور اس کا ارادہ تعیناتی کے بعد ہانگ کانگ واپس آنے کا ہے۔

(b) آیا اہلیت کی تاریخ پر یا اس سے پہلے، اس شخص نے MPF قانون کے تحت ہانگ کانگ سے مستقل روانگی کی بنیاد پر 65 سال کی عمر تک پہنچنے سے پہلے اپنے لازمی پروویڈنٹ فنڈ ("MPF") یا MPF استثنائی آکیوپیشنل ریٹائرمنٹ اسکیمز کے تحت فوائد کی نکاسی کے لیے کوئی جائز دعوے کی درخواست جمع کروائی ہے؛ اور
(c) آیا اہلیت کی تاریخ پر، اگر وہ ہانگ کانگ کا/کی مستقل رہائشی ہے تو اس کے پاس مقامی طور پر جاری کردہ جائز HKPIC ہے؛ اور
(d) آیا ایسا کوئی ثبوت یا ایسی معلومات ہے جس کی بنیاد پر حکومت کو یقین ہو کہ اس فرد کا مستقبل قریب میں ہانگ کانگ واپس لوٹنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔]

واؤچر کی قدر

	اہلیت کے معیار پر پورا اترنے والے اندراج شدہ افراد کے لیے (A)؛ (i) (B) یا (B)(ii)؛ اور (C)	**اہلیت کے معیار پر پورا اترنے والے اندراج شدہ افراد کے لیے (A)؛ (iii) (B)؛ اور (C)**
موجودہ اندراج شدہ افراد (جیسے کہ ایسے اہل اندراج شدہ افراد جنہیں 16 اپریل 2023 کو واؤچر کی پہلی قسط کی ادائیگی کی گئی تھی)	$2,000	$1,000
نئے اندراج شدہ افراد	$5,000	$2,500

اندراج، وصول کرنا اور استعمال

اہل افراد درج ذیل اسٹورڈ ویلیو فیسیلیٹز ("SVFs") میں سے کسی ایک کے ذریعے واؤچر وصول کر سکتے ہیں: Alipay HK، BoC Pay، Octopus، HSBC کی جانب سے PayMe، Tap & Go اور WeChat Pay HK۔

اندراج (رجسٹریشن)

ایسے اندارج شدہ افراد کے لیے جنہوں نے 2023 کے کنزمپشن واؤچر اسکیم کی پہلی قسط کے تحت کنزمپشن واؤچر حاصل کیا ہے، جب تک وہ اپنے رجسٹریشن ڈیٹا میں ترمیم نہیں کرنا چاہتے (جس میں واؤچر وصول کرنے کے لیے SVF اکاؤنٹ شامل ہے)، انہیں دوبارہ مندرج ہونے کی ضرورت نہیں ہے اور انہیں ان کی اہلیت کی تصدیق ہو جانے کے بعد خود بخود اسی SVF اکاؤنٹ کے ذریعہ بقیہ واؤچر حاصل ہو جائے گا۔ اگر وہ رجسٹریشن کے ڈیٹا میں ترمیم کرنا چاہتے ہیں یا وہ 2022 کی کنزمپشن واؤچر اسکیم کے لیے کامیابی سے رجسٹر نہیں ہوئے ہیں تو، وہ 5 سے 27 جون کے دوران اسکیم کی ویب سائٹ (www.consumptionvoucher.gov.hk) میں سنٹرل رجسٹریشن پورٹل کے ذریعہ آن لائن یا عارضی

سروس سنٹروں میں سے کسی ایک پر ترمیم/ رجسٹر کر سکتے ہیں (براہ کرم سروس سینٹر پر جانے سے پہلے اپائنٹمنٹ لینے کے لیے 5000 18 پر کال کریں)۔

<u>عارضی سروس سنٹرز</u>

<u>ہانگ کانگ آئی لینڈ</u>

1. F/34، ریونیو ٹاور، 5 گلوسسٹر روڈ، وان چائی
2. یونٹ F/12،1202، اولمپیا پلازہ، 255 کنگز روڈ، نارتھ پوائنٹ

<u>کوؤلون</u>

3. یونٹس 1834-1838، *18/F*، پائیونیئر سینٹر، 750 ناتھن روڈ، مونگ کوک
4. یونٹ 30/F D ، لیجنڈ ٹاور، 7 شنگ ییپ اسٹریٹ، کوآن ٹونگ

<u>نئے حلقے (*New Territories*)</u>

5. یونٹس 906 –907، *9/F*، دی اوکٹاگون، 6 شا تسوئی روڈ، سوئن وان
6. لیانگ کنگ اسٹیٹ کمیونٹی سنٹر، لیانگ کنگ اسٹیٹ، سوئن مون
7. دن چنگ کمیونٹی ہال، ٹن چنگ اسٹیٹ، ٹن شوئی وائی، یوئین لانگ
8. یونٹ 2310، 23/F ، میٹرو پول اسکوائر، یو اسٹریٹ پر 2 ، شیک مون، شا ٹن
9. کانفرنس روم، کیونگ فوک کمیونٹی ہال، کیونگ فوک اسٹیٹ، تائی پو

وصول کرنا (Collection)

آکٹوپس منتخب کرنے والے کامیاب اندراج شدہ افراد درج ذیل ذرائع سے کنزمپشن واؤچر وصول کر سکتے ہیں:

1. MTR اسٹیشنوں، لائٹ ریل کسٹمر سروس سنٹرز، مقررہ عوامی نقل و حمل کے انٹرچینج اور مقررہ فیری پائرز پر نصب کردہ سبسڈی کلیکشن پوائنٹس سے؛
2. 7-الیون، سرکل K، ویلکم، مارکیٹ پلیس بائی جیسنز، مارکیٹ پلیس، hreesixty3 اور جیسن ایچیبا کے تمام آوٹ لیٹس سے؛
3. آکٹوپس سروس پوائنٹس سے؛ اور
4. آکٹوپس ایپ پر۔

کامیاب اندراج شدہ افراد کے لیے جنہوں نے HSBC ،BoC Pay ،Alipay HK کی جانب سے PayMe ، Tap & Go اور WeChat Pay HK کا انتخاب کیا ہے، کنزمپشن واؤچر براہ راست ان کے رجسٹر شدہ SVF اکاؤنٹس میں ہی جمع کیے جائیں گے۔

استعمال

کنزمپشن واؤچرز مقامی خردہ فروش، کیٹرنگ اور سروس آؤٹ لیٹس یا ان کے آن لائن پلیٹ فارمز پر استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ ذیل لین دین کے درج ذیل آئٹمز کو شامل نہیں کیا گیا:

- حکومت کو ادائیگیاں (جیسے کہ ٹیکس، جرمانے، لائسنس فیس، ٹنل فیس، پارکنگ میٹر)
- عوامی افادہ جات کی ادائیگیاں (یعنی کہ پانی، بجلی اور گیس)
- سرکاری اداروں کو ادائیگیاں (جیسے کہ ہسپتال کی انتظامیہ، ہانگ کانگ ہاؤسنگ انتظامیہ، ہانگ کانگ ہاؤسنگ سوسائٹی)
- تعلیمی اخراجات (یعنی کہ مقامی اور غیر مقامی نصاب فراہم کرنے والے پرائمری اور سیکنڈری

اسکولوں اور UGC کی مالی اعانت سے چلنے والی یونیورسٹیوں کو ادائیگی)

- مالی پروڈکٹس یا سروسز کی خریداری (جیسے کہ انشورنس)
- عطیات (اس میں خیراتی، مذہبی اور سیاسی تنظیمیں شامل ہیں)
- ہانگ کانگ سے باہر کے تاجروں سے براہ راست خریداری (اس میں مقامی طور پر کیے گئے غیر مقامی آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے آن لائن خریداری شامل ہے)
- ایک فرد سے دوسرے فرد کو ادائیگی
- متبادل نقدی وصول کرنا

<u>نظام الاوقات</u>

موجودہ اندراج شدہ افراد (جیسے کہ ایسے اہل اندراج شدہ افراد جنہیں 16 اپریل 2023 کو پہلی قسط میں $3,000 یا $1,500 کے واؤچر کی ادائیگی کی گئی تھی)

آکٹوپس

دوسری قسط (2,000$ یا $1,000)
جب مجموعی طور پر "اہل اخراجات" پہلی قسط کے واؤچر (جیسے کہ $3,000 یا $1,500) واؤچر کی رقم تک پہنچ جاتی ہے تو، 2,000$ یا $1,000 کے واؤچر کی دوسری قسط اگلے مہینے کی 16 تاریخ کو ادا کی جائے گی* (16 جولائی 2023 شروع ہونے کی تاریخ ہے؛ 16 نومبر 2023 آخری تاریخ ہے)۔ **اس کا اطلاق صرف ایسے موجودہ اندراج یافتہ فرد پر ہوتا ہے جنہوں نے آکٹوپس کے ذریعہ واؤچر کی پہلی قسط حاصل کی ہے۔ دوسرے موجودہ اندراج یافتہ افراد کے لیے جنہوں نے دیگر SVFs کے ذریعے پہلی قسط کے واؤچرز حاصل کیے ہیں، اگر وہ دوسری قسط کے واؤچرز حاصل کرنے کے لیے آکٹوپس پر سوئچ کرتے ہیں تو، دوسری قسط کے واؤچر کی ادائیگی 16 جولائی کو کی جائے گی۔*

واؤچر 30 جون 2024 تک وصول کیا جانا چاہیئے۔

AlipayHK، BoC Pay، HSBC کی جانب سے PayMe ، Tap&Go، WeChat Pay HK

ادائیگی کی تاریخ
دوسری قسط (2,000$ یا $1,000)
16 جولائی 2023

واؤچر کی مدت میعاد 29 فروری 2024 کو ختم ہوجائے گی۔

نئے اندراج شدہ افراد

آکٹوپس

دوسری قسط کا پہلا واؤچر ($3,000 یا $1,500)
16 جولائی 2023
دوسری قسط کا دوسرا واؤچر ($2,000 یا $1,000)
مجموعی طور پر "اہل اخراجات" کے پہلے واؤچر (یعنی 3,000 یا 1,500$) کے واؤچر کی رقم تک پہنچ جانے پر، تو 2,000$ یا 1,000$ کے دوسرے واؤچر کی ادائیگی اگلے مہینے کی 16 تاریخ کو ہوگی (16 اکتوبر 2023 شروعاتی؛ 16 فروری 2024 آخری تاریخ ہے)۔

واؤچرز کو 30 جون 2024 سے پہلے وصول کیا جانا چاہیئے۔

AlipayHK، BoC Pay، HSBC کی جانب سے PayMe ، Tap&Go، WeChat Pay HK

ادائیگی کی تاریخ
دوسری قسط کا پہلا واؤچر ($3,000 یا $1,500)

16 جولائی 2023
دوسری قسط کا دوسرا واؤچر (2,000$ یا 1,000$)
16 اکتوبر 2023

واؤچرز کی مدت میعاد 29 فروری 2024 کو ختم ہوجائے گی۔

استفسارات

اسکیم کی ہاٹ لائن کو 5000 18پر کال کریں۔ اگر آپ کو اسکیم ہاٹ لائن کے عملے کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے CHEER کی ترجمانی کی سروس درکار ہو تو، براہ کرم 3755 6833 پر CHEER کی ہاٹ لائن سے رابطہ کریں۔